سوال

(524)وہ دونوں آپس میں پھوپھی اور بھتیجی ہیں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری سسرال والوں سے میری بیوی کے سوا اور کوئی رشتہ داری نہیں ہے۔ صرف وہ میرے سسرال ہیں۔ میں اپنی بیوی کی موجودگی میں اپنے سالے کی بیٹی (لڑکی) سے نکاح کرنا چاہتا ہوں، جب کہ میری بیوی بھی گھر میں موجود ہے۔ اور میری موجودہ بیوی اور اس لڑکی میں آپس میں خون کا رشتہ ہے۔ یعنی: ''وہ دونوں آپس میں پھوپھی اور بھتیجی ہیں۔''

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک آدمی کا بیک وقت پھوپھی اور بھتیجی کو نکاح میں جمع کرنا شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: {لَا یُجْمَعُ بَیْنَ الْمَرْاَۃِ وَعَمَّتِھَا، وَلَا بَیْنَ الْمَرْاَۃِ وَخَالَتِھَا} [''نہ جمع کیا جائے عورت اور اس کی پھوپھی کو اور نہ عورت اور اس کی خالہ کو۔''[3]

لہٰذا آپ کا یہ پروگرام درست نہیں، اس لیے آپ اسے فوراً ترک کردیں اور توبہ کریں۔ واللہ اعلم۔

3 صحیح بخاری کتاب النکاح: ۲ ۷۶۶

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص455

محدث فتویٰ